(پریس ریلیز)

مقدر میں لکھا رزق کوئی نہیں چھین سکتا وہ مل کر ہی رہتا ہے☆ پروفیسر محمد افضل چوہدری

ہر ادارے میں اچھے برے لوگ ہوتے ہیں مگر افسوس کہ ہر آنے والے دن اچھے کم اور برے زیادہ ہو رہے ہیں جو لمحہ فکریہ ہے

کرپٹ لوگ اگر یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ جو مال وہ غلط طریقے سے ہڑپ کر رہے ہیں انہی کا ہے تو وہ کبھی بھی کرپشن نہ کریں

''نیب'' جیسے ادارے یا ایجنسیوں کا ہونا نعمت سے کم نہیں ورنہ ''جس کی لاٹھی اس کی بھینس'' والا معاملہ ہو☆ نوید حسین قریشی

ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد میں ''اینٹی کرپشن اور کیریکٹر بلڈنگ'' سیمینار سے ڈائریکٹر نیب پنجاب محمد رفیق میمن و دیگر کا اظہار خیال

فیصل آباد (   ) مقدر میں لکھا رزق کوئی نہیں چھین سکتا وہ مل کر ہی رہتا ہے جو لوگ کرپشن کرتے ہیں وہ جلد بازی میں اپنے حلال وطیب رزق کو حرام میں تبدیل کر لیتے ہیں ان خیالات کا اظہار سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد پروفیسر محمد افضل چوہدری نے ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کے آڈیٹوریم میں ہونے والے ''اینٹی کرپشن اور کیریکٹر بلڈنگ'' کے حوالہ سے ہونے والے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیمینار میں ڈائریکٹر نیب پنجاب محمد رفیق میمن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیب لاہور منزہ تسنیم اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیب لاہور کاشف امانت، کنٹرولر امتحانات ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد پیر نوید حسین قریشی سمیت بورڈ کے افسران واہلکاران نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ نثار احمد نے حاصل کی، گلہائے عقیدت محمد نواز نے پیش کیے جبکہ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ڈاکٹر سردار بابر ڈوگر نے سرانجام دیئے۔ سیکرٹری بورڈ نے مزید کہا کہ ہر ادارے میں اچھے اور برے لوگ ہوتے ہیں مگر افسوس ہے کہ ہر آنے والے دن اچھے لوگ کم اور برے زیادہ ہو رہے ہیں جو کہ لمحہ فکریہ ہے حالانکہ اگر کرپٹ لوگ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ جو مال وہ غلط طریقے سے ہڑپ کر رہے ہیں انہی کا ہے تو وہ کبھی بھی کرپشن جیسی لعنت کا شکار نہ ہوں بلکہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کر کے اس وقت کا انتظار کریں جب یہی مال جائز طریقہ سے ان کی جھولی میں میٹھا اور لذیذ پھل بن کر گرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محنت، لگن اور دیانتداری سے کام کرنے والوں کے رزق میں کشادگی و برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کیلئے انعام ہوتا ہے اور جو لوگ کرپشن کرتے ہیں ان کا ناجائز مال ان کیلئے نہ صرف دنیا میں وبال بنتا ہے بلکہ آخرت میں بھی دردناک عذاب ان کا منتظر ہوگا اس موقع پر کنٹرولر امتحانات پیر نوید حسین قریشی نے ''نیب'' کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اداروں کا ہونا نعمت سے کم نہیں کیونکہ غریب اور بے آسرا لوگوں کو انصاف کی فراہمی ایسے اداروں اور ایجنسیوں کے ہی مرہون منت ہے ورنہ ''جس کی لاٹھی اس کی بھینس'' والا معاملہ ہو اور غریب ومجبور لوگ دربدر کی ٹھوکریں کھائیں اور انہیں کوئی پوچھنے والا نہ ہو۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر نیب لاہور منزہ نسیم نے پروجیکٹر کی مدد سے تمام شرکاء کو نیب کے اغراض ومقاصد تفصیل کے ساتھ بیان کرتے ہوئے نیب کی ذمہ داریوں کے حوالہ سے سیر حاصل گفتگو کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ''نیب'' پنجاب محمد رفیق میمن نے خطاب کیا اور شرکاء کے سوالوں کے جوابات بھی دیئے۔ تقریب کے اختتام پر ''نیب'' کی طرف سے سیکرٹری بورڈ پروفیسر محمد افضل چوہدری اور کنٹرولر امتحانات پیر نوید حسین قریشی کو یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں۔ سیمینار کے بعد ''اینٹی کرپشن اور کیریکٹر بلڈنگ'' کے حوالہ سے ڈائریکٹر ''نیب'' محمد رفیق میمن اور سیکرٹری بورڈ پروفیسر محمد افضل چوہدری کی قیادت میں واک ہوئی جس میں بورڈ ملازمین نے بھرپور شرکت کی۔ بعد میں ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کے لان میں ڈائریکٹر ''نیب'' محمد رفیق میمن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ''نیب'' پنجاب منزہ نسیم اور سیکرٹری بورڈ پروفیسر محمد افضل چوہدری نے الگ الگ پودا بھی لگایا اور ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصی دعا کروائی۔

Public Relations Officer
Board of Intermediate & Secondary
Education, Faisalabad

(فوٹو کیپشن)

فیصل آباد:- سیکرٹری ایجوکیشن بورڈ پروفیسر محمد افضل چوہدری اور ڈائریکٹر نیب پنجاب محمد رفیق میمن ''اینٹی کرپشن اور کیریکٹر بلڈنگ'' کے حوالہ سے ہونے والی واک کی قیادت جبکہ دوسری طرف ایجوکیشن بورڈ کے لان میں پودا لگا رہے ہیں۔